# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 20 جنوری 2025ء بمطابق 19 رجب المرجب 1446 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر چھ منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، ثریا بی بی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اِنَّآ اَنۡزَلۡنَآ اِلَیۡكَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَقِّ لِتَحۡكُمَ بَیۡنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰہُ O وَلَا تَكُنۡ لِّلۡخَآئِنِیۡنَ خَصِیۡمًاO وَّاسۡتَغۡفِرِ اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ كَانَ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ۚ O وَلَا تُجَادِلۡ عَنِ الَّذِیۡنَ یَخۡتَانُوۡنَ اَنۡفُسَهُمۡ O اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ مَنۡ كَانَ خَوَّانًا اَثِیۡمًا ۙ یَّسۡتَخۡفُوۡنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا یَسۡتَخۡفُوۡنَ مِنَ اللّٰہِ وَهُوَ مَعَهُمۡ اِذۡ یُبَیِّتُوۡنَ مَا لَا یَرۡضٰى مِنَ الۡقَوۡلِ O وَكَانَ اللّٰہُ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ مُحِیۡطًا۔

(ترجمہ):اے نبیؐ ہم نے یہ کتاب حق کے ساتھ تمہاری طرف نازل کی ہے تاکہ جو راہ راست اللہ نے تمہیں دکھائی ہے اس کے مطابق لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تم بد دیانت لوگوں کی طرف سے جھگڑنے والے نہ بنو۔ اور اللہ سے درگزر کی درخواست کرو، وہ بڑا درگزر فرمانے والا اور رحیم ہے۔ جو لوگ اپنے نفس سے خیانت کرتے ہیں تم ان کی حمایت نہ کرو اللہ کو ایسا شخص پسند نہیں ہے جو خیانت کار اور معصیت پیشہ ہو۔ یہ لوگ انسانوں سے اپنی حرکات چھپا سکتے ہیں مگر خدا سے نہیں چھپا سکتے وہ تو اس وقت بھی ان کے ساتھ ہوتا ہے جب یہ راتوں کو چھپ چھپ کر اس کی مرضی کے خلاف مشورے کرتے ہیں ان کے سارے اعمال پر اللہ محیط ہے۔ و آخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم سپیکر صاحبہ، کورم پورا نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: دو منٹ کے لئے گھنٹی بجائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

Madam Deputy Speaker: Secretary Sahib! Count, please.

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: میرے خیال سے ہم نماز کے لئے ابھی پندرہ منٹ کا Break لے لیتے ہیں۔

(اجلاس کی کارروائی پندرہ منٹ کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد محترمہ ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئیں)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: معزز ارکان اسمبلی! پلیز آپ اپنی اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں۔

Secretary Sahib! Count, please.

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: دو منٹ کے لئے گھنٹی بجائیں۔

(گھنٹیاں بجائی گئیں)

Madam Deputy Speaker: Secretary Sahib! Again count, please.

(اس مرحلہ پر دوبارہ گنتی کی گئی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: دو منٹ کے لئے اور گھنٹی بجائیں، پلیز۔

(اس مرحلہ پر دوبارہ گھنٹیاں بجائی گئیں)

Madam Deputy Speaker: Secretary Sahib! Count, once again.

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے میں اجلاس کو ملتوی کرتی ہوں۔

We will meet again at 02:00 p.m., Friday afternoon, 24th January, 2025, Insha Allah.

---

(اجلاس بروز جمعتہ المبارک مورخہ 24 جنوری 2025ء بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)